This question paper consists of **27** questions [Section-A (17) + Section-B (5 + 5)] and **8** printed pages.

اس سوال نامہ میں کل 27 سوالات [حصہ (الف) میں (17)+حصہ (ب) میں (5+5)] اور 8 چھپے اوراق ہیں۔

**Roll No.** رول نمبر | | | | | | | | | | | | |

**Code No. 65/SS/A/U/A** کوڈ نمبر

**SET** **A**

# URDU

# اُردو

# (306-U)

**Day and Date of Examination** ____________________
امتحان کا دن اور تاریخ

**Signature of Invigilators** 1. ____________________
نگران کار کے دستخط

2. ____________________

***General Instructions :***

**1** Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.

**2** Please check the Question Paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.

**3** Making any identification mark in the Answer-Book or writing Roll Number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.

**4** Write your Question Paper Code No. **65/SS/A/U/A** and Set-**A** on the Answer-Book.

ھدایات :

-1 طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

-2 مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجئے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجئے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

-3 طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

-4 اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر **65/SS/A/U/A** Set A لکھئے۔

# URDU

# اُردو

## (306-U)

Time : **3** Hours] [Maximum Marks : **100**

وقت : 3 گھنٹے کل مارکس : 100

---

**Note :** (i) This Question Paper consists of **two** Sections, viz., **'A'** and **'B'**.

(ii) **All** questions from Section **'A'** are to be attempted.

(iii) Section **'B'** has ***two*** options. Candidates are required to attempt questions from ***one*** *option* only.

نوٹ : (*i*) یہ پرچہ دو حصوں پر مشتمل ہے — حصہ (الف) اور حصہ (ب)۔

(*ii*) حصہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(*iii*) حصہ (ب) میں دو اختیاری (Option) سوالات ہیں۔ آپ کو ان میں سے کسی ایک Option کا جواب دینا ہے۔

---

## SECTION - A
## حصّہ الف

**1.** درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **6**

**الف :**

میں نے مایا کو پتھر کے ایک کوزے میں مکھن رکھتے دیکھا۔ چھاچھ کی کھٹاس کو دور کرنے کے لیئے مایا نے کوزے میں پڑے ہوئے مکھن کو کنوئیں کے صاف پای سے کئی بار دھویا۔ اس طرح مکھن کے جمع کرنے کرنے کوئی خاص وجہ تھی۔ ایسی بات عموماً مایا کے کسی عزیز کی آمد کا پتہ دیتی تھی۔ ہاں اب مجھے یاد آیا دو دن کے بعد مایا کا بھائی اپنی بیوہ بہن سے راکھی بندھوانے کے لئے آنے والا تھا۔ یوں تو اکثر بہنیں اپنے بھائیوں کے ہاں جا کر اپنی راکھی باندھتی ہیں۔ مگر مایا کا بھائی اپنی بہن اور بھانجے سے ملنے کے لئے خود ہی آ جایا کرتا تھا۔ راکھی بندھوا کار وہ اپنی بہن کو یہی یقین دلاتا تھا کہ اگر چہ اس کا سہاگ لٹ گیا ہے، مگر جب تک اسکا بھائی زندہ ہے اس کی رکھشا اس کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر لیتا ہے۔ ننھے بھولے نے میرے خیال کی تصدیق کر دی۔ گنّا چوستے ہوئے اس نے کہا۔ بابا پرسوں موموں جی آئیں گے۔

**سوالات :**

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ اور اسکے مصنف کون ہیں ؟

(b) ایسی کون سی بات تھی جو مایا نے مکھن کو کنویں کے صاف پانی سے کئی بار دھویا ؟

(c) مایا کا بھائی اپنی بیوہ بہن کو کیا یقین دلواتا تھا ؟

(d) میرے اس خیال کی تصدیق کس نے کی ؟

**یا**

ایک چڑے چڑیا نے نئی روشنی کی ایک اونچی کوٹھی میں اپنا گھونسلا بنایا تھا۔ اس کوٹھی میں ایک مسلمان رہتے تھے۔ جو ولایت سے بیرسٹری پاس کر کے اور ایک میم کو ساتھ لے کر آئے تھے۔ ان کی بیرسٹری کچھ چلتی نہ تھی مگر گھر کے زمیندار تھے۔ گزارہ بخوبی ہو جایا کرتا تھا۔ ولایت سے آنے کے بعد خدا نے انکو ایک لڑکی بھی عنایت کی تھی جو ماشاء اللہ چلتی پھرتی تھی۔ اور باپ کی طرف سے مسلمان اور ماں کی طرف سے مس بابا تھی ۔ چڑے چڑیا نے کھپرل کے اندر ایک سوراج بنایا۔ ٹنکو اور سوت کا فرش بچھایا۔ یہ سوت پڑوس کے گھر سے چڑیا لاتی تھی۔

**سوالات :**

(a) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ اور اسکے مصنف کون ہیں ؟

(b) چڑے اور چڑیا نے اپنا گھونسلا کہاں بنایا ؟

(c) اس کوٹھی میں کون رہتا تھا ؟

(d) خدا نے ان کو کیا عنایت کیا ؟

**2.** درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے : **6**

(a) کہانی ''حقِ وفاداری'' کس داستاں کا حصہ ہے ؟

(b) ''پوس کی رات'' سبق میں کس معاشرے پر روشنی ڈالی گئی ہے ؟

(c) برج بانو کو ایک خوبصورت کا نام کیوں دیا گیا ہے ؟

(d) سبق ''امید کی خوشی'' کے مصنف کون ہیں ؟

(e) امتیاز علی تاج ایک بہترین ۔ (i) افسانہ نگار ہیں (ii) ڈرامہ نگار ہیں (iii) مزاح نگار ہیں۔

3. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی مکمل تعریف لکھیں اور مصنف کے نام لکھیں ؟ 4

(i) ڈرامہ

(ii) افسانہ

(iii) ناول

4. مرزا غالب، سرسید احمد خاں یا پریم چند کے حالات زندگی تحریر کیجیے اور ان کے اسلوب بیان پر بھی روشنی ڈالیے؟ 4

5. سبق پوس کی رات' یا 'حق وفاداری' میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے؟ 4

6. سبق ' چوتھی کا جوڑا' میں سب سے زیادہ آپ کو کون سا کردار اچھا لگا ؟ اور کیوں ؟ 6

7. ڈرامہ '' دروازے کھول دو'' کا مرکزی خیال کیا ہے ؟ 4

8. کسی ایک عنوان پر کم سے کم **تین** صفحات کا مضمون لکھیے : 10

(a) جدید ٹیکنالوجی کے فائدے

(b) کتابوں کے مطالعے کے فائدہ اور اہمیت

(c) کھیل اور تعلیم

(d) تاریخی اہمیت کا حامل شہر لکھنو

9. مندرجہ ذیل اقتباس کے دو حصہ ہیں : دونوں حِصّوں میں سے ایک ایک اشعار کی تفصیل سے تشریح کریں ۔ 6

حصہ الف

(a) یہ موجودہ طریقے راہی ملک عدم ہوں گے
نئی تہذیب ہوگی اور نئے سامان ہم ہوں گے

**یا**

(b) کہو کہ آج بھی ہم سب اگر خموش رہے
تو اس دہکتے خاک دان کی خیر نہیں
جنوں کی ڈھال ہوئی ایٹمی بلاؤں سے
زمین کی خیر نہیں آسمان کی خیر نہیں

**(ب)**

(a) محبت ہے خاکِ وطن سے ہمیں
محبت ہے اپنے چمن سے ہمیں
ہمیں اپنے صبحوں سے شاموں سے پیار
ہمیں اپنے شہروں کے ناموں سے پیار

**یا**

(b) یہ نہ تھی ہماری قسمت کے وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا

**10.** درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے : **6**

(a) حسن تعلیل کسے کہتے ہیں۔

(b) صفت تضاد کی تعریف معہ مثال کے بیان کریئے ؟

(c) غزل مسلسل کی تعریف معہ مثال کے لکھئے ؟

11. نظم 'نئی تہذیب' یا نظم 'پرچھائیاں' کا مرکزی خیال معہ شاعروں کے نام بیان کیجیے۔ 6

12. میر تقی میر شہنشاہِ تغزل کہلاتے ہیں، وضاحت کیجیے؟ 4

13. نظم ''خاک وطن'' کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے ؟ 4

14. کوئی چار غزل گو شعراء کے نام لکھیے ؟ 4

یا

اردو غزل کے ارتقاء پر ایک مختصر نوٹس لکھئے ؟

15. مثنوی کی تعریف لکھ کر دو مثنوی گو شعراء کے نام لکھیے؟ 4

16. اکبر الہ آبادی کے حالات زندگی اور کلام کی خصوصیات پر روشنی ڈالیئے؟ 4

17. ترکیب الفاظ کسے کہتے ہیں، مثال دیکر سمجھایئے ؟ 3

## SECTION - B
## حصّہ ب

### Option - I
### اختیاری -I

18. دفتری نوٹ کسے کہتے ہیں اور اسکا مقصد کیا ہوتا ہے ؟ 4

19. اپنے اسکول کے سالانہ جلسے پر ایک رپورٹ تیار کیجیے ؟ 4

20. ایم ایس ورڈ (M.S. Word) کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے؟ 2

21. مقصد کے اعتبار سے انٹرویو کی کتنی قسمیں ہیں ؟ 2

22. فیچر کی تین خصوصیات بتایئے ؟ 3

### Option-II
### اختیاری -II

18. دفتری نوٹ عام طور پر کون لکھتا ہے اور فائل ایک افسر سے دوسرے افسر کے پاس کیوں جاتی ہے ؟ 4

19. اپنے گھر کے آس پاس کی کسی تقریب کے بارے میں رپورٹ تیار کیجیے ؟ 4

20. اداریہ کون لکھتا ہے۔ اس میں مدیر کے علاوہ اور کس کی رائے شامل ہوتی ہے ؟ 2

21. اخبار اور رسالے کے لئے سرخیوں کی کیا اہمیت ہے ؟ 2

22. اردو پروگرام کے بارے میں تفصیلی نوٹ کیجیے ؟ 3